چوہدری یاسین ظفر
(پرنسپل جامعہ سلفیہ)

نام کتاب: اقوامِ عالم کے ادیان و مذاہب

مصنف: فضیلۃ الشیخ عبدالقادر شیبۃ الحمد حفظہ اللہ

اردو ترجمہ: ابوعبداللہ محمد شعیب حفظہ اللہ............

نظرِ ثانی: ابومحمد، محمد ادریس اثری

صفحات: 239 قیمت: 140

ناشر: مسلم پبلیکیشنز سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ

تبصرہ نگار: محمد رمضان یوسف سلفی

ملنے کا پتہ: مکتبہ دارالسلام غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔فون 042-7120054

خطۂ ارض پر اس وقت جو انسانی اقوام آباد ہیں وہ ضرور کسی نہ کسی مذہب سے وابستہ ہیں۔ یہ سلسلہ ہزاروں سال سے قائم ہے اور جب تک یہ دنیا آباد ہے' جاری رہے گا۔ پیش نگاہ کتاب عالمِ اسلام کی عظیم اور محسن شخصیت فضیلۃ الشیخ عبدالقادر شیبۃ الحمد کی نہایت عمدہ تحقیقی کاوش ہے۔ اس میں انہوں نے اقوامِ عالم کے ادیاب و مذاہب کا تعارف پیش کرتے ہوئے ان مذاہب کی تاریخ' ان کے بانیان کا تعارف و تذکرہ' ان مذاہب کی تعلیم اور عقائد و افکار پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ لائق مصنف نے جن مذاہب کا تعارف کرایا ہے' ان میں یہود و نصاریٰ' بدھ مت' ہندو مذہب اور اسلام سے نکلنے والے بعض فرقوں سے متعلق عمدگی سے گفتگو کی ہے۔ یہ کتاب مختلف مذاہب سے آگاہی کے لیے گنجینۂ معلومات ہے۔ بالخصوص دینی مدارس کے طلباء اور تحقیقی ذوق رکھنے والے اصحاب ذوق کے لیے اس کتاب میں ان کی دلچسپی کا پورا سامان موجود ہے۔ کتاب کو عربی سے اردو میں ترجمہ کرتے وقت عربی و اردو زبان و ادب کی باریکیوں کو پوری طرح ملحوظ رکھا گیا ہے۔ لائق مترجم نے صحیح معنوں میں کتاب کو چار چاند لگا دیئے ہیں۔ کتاب ہر مکتبۂ فکر کے اہل ذوق کے لیے یکساں مفید ہے۔

سفید اعلیٰ کاغذ پر خوبصورت طباعت' جاذب نظر ٹائٹل اور مضبوط جلد بندی نے اس کتاب کے ظاہری و معنوی حسن کو دوبالا کر دیا ہے۔ ان خوبیوں سے آراستہ اس کتاب کی قیمت بھی نہایت مناسب ہے۔ یہ کتاب ادارہ دارالسلام کے تمام شورومز سے دستیاب ہے۔